ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

پولیس ٹریننگ اور تربیتی مراکز کے حوالے سے تعارفی اجلاس۔

کراچی03جولائی2022؁۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی زیرصدارت پولیس کے تربیتی مراکز اور ان میں پولیس ٹریننگ کے معیار و دیگر ضروری امور پر تعارفی اجلاس ہوا اور اس حوالے سے مزید رہنما ہدایات جاری کی گئیں۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ ایک ڈسپلن اورمستعد پولیس کے لیئے بہترین اور دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ تربیتی امور انتہائی اہمیت کے حامل ہیں لہٰذا سندھ پولیس کے تمام تربیتی مراکز تربیت کے بنیادی اصولوں کو اپناتے ہوئے جدید اور معیاری تربیت کی فراہمی کو ہرسطح پر یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ پولیس ریکروٹمنٹ،لوئر اسکول کورس، انٹرمیڈیٹ کورس،اپر کورس یا دیگر جتنے بھی کورسز ہیں ان کے تحت زیر تربیت تمام ریکروٹس و جملہ اہلکاروں اور افسران کو نا صرف معیاری تربیت دی جائے بلکہ انکے لیئے پینے کے صاف پانی کی فراہمی، کھانے،طعام وغیرہ کی سہولیات کو بھی معیاری بنایا جائے۔

غلام نبی میمن نے ہدایات دیں کہ جملہ ٹریننگ سینٹرز،انکی بیرکس،رومز،شعبہ جات وغیرہ یا واش رومز کی اگرمرمت یا تزئین وآرائش کی ضرورت ہے تو اسکا آغاز کیا جائے اور ممکنہ درکار وسائل کی بابت سفارشات بھی ارسال کی جائیں۔

اجلاس میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرزسندھ، ڈی آئی جی ٹریننگ سندھ،آپریشنز،ایڈمن کے اے آئی جیز، پرنسپلز پی ٹی سی شاہد حیات سعیدآباد کراچی،ایلیٹ پولیس ٹریننگ سینٹر رزاق آباد، ٹریفک ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سعیدآباد، اسکول آف فائننانس اینڈ آئی ٹی سی پی او نے براہِ راست شرکت کی جبکہ شہداد پور،لاڑکانہ، سکرنڈ،جام نواز علی، خیرپور اور حیدرآباد پولیس ٹریننگ سینٹرز/کالجز کے پرنسپلز نے ذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-